ہیں گولیوں کی باتیں اور سر کاٹنے کی باتیں کی جاتی۔ انہوں نے کہا کہ بغیر کسی ثبوت کے کرپشن کے الزامات لگاتے ہیں، کرپشن کی باتیں ان کے منہ سے اچھی نہیں لگتیں، جب شوکت یوسفزئی کے پاس جوابِ نہیں تھا تو گالیاں دینے کی باتیں یہاں کی لائی باتیں یہاں کی جاتی ہیں، بجٹ کے دوران اچھے طریقے سے بجٹ سنا گیا، اپوزیشن پر کیمرہ آتا تو بولنا شروع کر دیتے ہیں کہ سوشل میڈیا پر ڈیموکریٹ ثابت ہوگئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبہ پنجاب میں کام کرنے والی قانون کیلئے ہم قصیدے پڑھتے ہیں، انتہائی تعقید کے بعد بھی صوبہ پنجاب کیلئے وہ خاتون کام کر رہی ہے، تین دنوں کی تقریروں میں الیکٹرک بسوں پر تنقید ہے۔ 80 کروڑ سے زائد سبسڈی فری ٹرانسپورٹ کے حوالے سے پنجاب میں دی گئی، الیکٹرک بسوں کا سلسلہ جنوبی پنجاب سے شروع کیا گیا، چیف منسٹر کی بدولت 1100 نئی بسیں پنجاب میں مہیا کی جائیں گی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ہم بھی تنقید کرتے رہے ہیں، لیکن بھی احتیاط سے باہر نہیں ہوئے، خانیوال اور لیہ میں بھی الیکٹرک بس کا آغاز ہونے جا رہا ہے، چینی بچوں نے بائیکس کیلئے آپائی کیا انہیں فراہم کی گئیں، صرف جنوبی پنجاب کے 33 ہزار طلبہ کیلئے سکالر شپ دی گئی۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ کسانوں کو قرض دیا جا رہا ہے تاکہ سبزیوں کی دیکھ بھال بہتر کی جا سکے۔ غذائی قلت کی وجہ سے سکول میں پروگرام بنایا گیا، سکول میل پروگرام میں 13 ارب روپے خرچ کئے جا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اکان دباؤ میں ہیں، تعلیم کے پر شعبت ماتحت ہو جائے تو ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا، جنوبی پنجاب کے اندر بڑی تعداد میں گھر بن چکے ہیں، بڑی تعداد میں درخواستیں موصول ہوئی، جانچ پڑتال کے بعد گھر فراہم کئے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ پروگرام اپوزیشن کو نظر نہیں آ رہے، پنجاب کی عوام اس سے مستفید ہو رہی ہے، کیا ان لوگوں کو پنڈارے کی محرومیاں نظر نہیں آ رہیں؟ اپوزیشن نے 9 مئی سے اب بھی پکڑیں سیکھا۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

کہ ارکان کو پارلیمانی آداب اور رولز اینڈ ریگولیشنز سے آگاہ کیا جائے، پارلیمنٹ ہاؤس کے وقار اور حرمت کو ہر صورت برقرار رکھا جائے، سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر مہمانوں کی نقل و حرکت پر نظر رکھی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ گیلریوں میں غیر ضروری گفتگو، اشاروں سے رابطے کی حوصلہ شکنی کی جائے، ایوان کا ماحول خراب کرنے والے رویوں کی حوصلہ شکنی ضروری ہے، اسپیکر کے اختیارات اور فیصلوں کا احترام کیا جانا چاہیے، پارلیمانی نظم وضبط کے لیے واضح ہدایات نمایاں طور پر آویزاں کی جائیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ تمام ارکان پارلیمانی روایات اور ضابطۂ اخلاق کی پابندی کریں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ ہاؤس میں سیکیورٹی خدشات بڑھ رہے ہیں، غیر متعلقہ افراد کا ریڈیو بنوانے اور تقلید انداز میں تصاویر بنوانے ہیں، جبکہ لابیز کا رقص بھی ایوان کی طرح کر رہا ہے۔ اسپیکر قاسم خان نے کہا کہ عالمی یوم والدہ کے موقع پر تمام ارکان کو پارلیمانی آداب اور رولز اینڈ ریگولیشنز کے بغیر مہمان نہ لائیں اور اس حوالے سے کنڈکٹ آف بزنس کے قواعد بھی پڑھ کر سنائے۔ خواجہ آصف نے پارلیمنٹ لابز اور سرکاری پروگیوڈالوں کے استعمال پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے پارلیمنٹ کی تجویز دی، جس پر ایوان میں قہقہے گونج اٹھے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کو ویگو ڈالے سے بچائیں، وگو ڈالا دیسے بھی بے ہودگی ہے، ہمارے وزرا کو تاسف شام کے بعد جھنڈا گاڑی پر نہیں ہونا چاہیے، جب وزیر گاڑی میں بیٹھا ہو تو جھنڈے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ کوئی ایسا طور طریقہ ہونا چاہیے کہ پارلیمنٹ لاجز میں وگو ڈالے نہ آئیں، جب ہم اقتدار میں ہوتے ہیں آگے پولیس ہوتی ہے اقتدار جاتا ہے پیچھے پولیس ہوتی ہے، وگو ڈالوں پر پابندی لگائی جائے، وگو ڈالوں پر سڑکوں پر بھی پابندی لگنی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ لاجز میں اراکین پارلیمنٹ رہتے ہیں کس کو کیا خطرہ ہے، وگو ڈالے میں جو بیٹھتا ہے اسے کچھ ہو جاتا ہے، پارلیمنٹ لاجز میں رہنے والے اراکین کو غیر ضروری سکیورٹی پروٹوکول کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس موقع پر اسپیکر ایاز صادق نے نشاندہی کی کہ پارلیمنٹ لاجز میں غلط پارکنگ کے باعث ماضی میں ایک رکن اسمبلی جان کی بازی ہار چکا ہے، ٹہلہ وزارت داخلہ کو اس معاملے پر سوشر مصلہ آرمی کی ہدایت دی جائے گی۔ بعد ازاں علی محمد خان نے تجویز پیش کی کہ پارلیمنٹ آنے والے مہمانوں کے لیے ایک باقاعدہ فیسلیٹیشن سینٹر قائم کیا جائے تاکہ انہیں بہتر رہنمائی اور سہولت فراہم کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

ریلوے لائن ہیں۔ برطانوی میڈیا کے مطابق حادثہ جمعہ کی شام مقامی وقت کے مطابق تقریباً 5 بج کر 15 منٹ پر پیش آیا، جب لندن جانے والی دو سافر فریسٹس آپس میں ٹکرا گئیں۔ تصادم اتنا شدید تھا کہ ایک ٹرین کا ڈرائیور موقع پر ہی جان کی بازی ہار گیا۔ حادثے کے بعد امدادی ٹیمیں، پولیس، فائر بریگیڈ اور طبی عملہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گیا اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کرنا پڑا۔ برٹش ٹرانسپورٹ پولیس کے چیف انسپکٹر ایلن ڈی اورسی کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے 80 سے زائد افراد کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ تاہم زخمیوں کی معلومات کے مطابق 28 افراد اب بھی اسپتال میں زیر علاج ہیں جبکہ 9 کی حالت انتہائی تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ حادثے کے عینی شاہد اور ایک ٹرین میں سوار ڈاکٹر پیٹریٹ نے سوشل میڈیا پر بتایا کہ تصادم اچانک ہوا اور ایک ویگو پٹری سے اتر گئی۔ ان کے مطابق بعض مسافروں کو شدید چوٹیں آئیں جن میں ناگوں کے فریکچر سمیت دیگر زخم شامل تھے۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک ٹرین کا اگلا حصہ دوسری ٹرین کے پچھلے حصے سے بری طرح ٹکرا گیا، جا ہم خوش قسمتی سے بیشتر بوگیاں سیدھی حالت میں رہیں جس سے مزید جانی نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا۔ حادثے کے بعد برطانیہ بھر میں ریلوے سکیورٹی اور حفاظتی نظام کے حوالے سے نئی بحث شروع ہوگئی ہے جبکہ متاثرہ ریلوے روٹ پر سروس بھی عارضی طور پر متاثر ہوئی ہیں۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

الدین کے پاس مدد دوسائل ہوتے ہیں تو پیچ تعلیم کے بجائے خاندان کی مدد کے لیے کام پر لگ جاتے ہیں، جس سے ان کا تعلیمی مستقبل متاثر ہوتا ہے۔ لڑکوں میں چائلڈ لیبر کی شرح زیادہ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ لڑکوں کے مقابلے میں لڑکیاں نسبتاً کم کام کرتی ہیں، جبکہ لڑکے زیادہ تر محنت طلب اور خطرناک شعبوں میں کام کرتے ہیں۔ ان میں تعمیرات، درکشاپس، کھیتوں اور دیگر غیر محفوظ ماحول شامل ہیں۔ گھریلو اور غیر رسمی کاموں میں بچوں کی بڑی تعداد یونیسف کے مطابق چائلڈ لیبر میں مصروف بچوں کی بڑی تعداد دگھریلو اور غیر رسمی شعبوں میں کام کرتی ہے، جن میں خاندانی کھیت، چھوٹی درکشاپس، دکانیں اور گھروں میں کام شامل ہے۔ یہ کام اکثر غیر محفوظ اور غیر منظم ہوتے ہیں۔ بچوں کی صحت پر منفی اثرات رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ چائلڈ لیبر بچوں کی جسمانی اور ذہنی صحت پر گہرے منفی اثرات مرتب کرتی ہے۔ ایسے بچے اکثر طویل اوقات تک کام کرتے ہیں اسکول نہیں جا پاتے اور بیماریوں کا شکار رہتے ہیں ذہنی دباؤ اور تھکن کا سامنا کرتے ہیں ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ صورتحال بچوں کے روشن مستقبل کو بری طرح متاثر کر رہی ہے۔ ماہرین کے تشویشوں کے حقوق کے ماہرین نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے موثر قانون سازی، سخت عمل درآمد اور تعلیمی سہولیات میں اضافہ کیا جائے تاکہ ہر بچے کو تعلیم کا بنیادی حق مل سکے۔ رپورٹ کے مطابق آنگروری اقدامات نہ کیے گئے تو پاکستان میں چائلڈ لیبر کا مسئلہ مزید سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

صرف خاندان کی مضبوطی بلکہ ایک مہذب معاشرے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں، والدین، خصوصاً والد کی دعائیں، رہنمائی اور تجربات ہماری زندگی کا قیمتی سرمایہ اور کامیابی کی بنیاد ہیں، ہم سب پر لازم ہے کہ اپنے والدین کی عزت، خدمت اور ان کے حقوق کی ادائیگی کو اپنی زندگی کا شعار بنائیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا ہے کہ مستحکم خاندانی نظام ہی ترقی یافتہ اور پُرامن معاشروں کی بنیاد ہوتا ہے، اور اس نظام کی مضبوطی میں والد کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے، والدین خصوصاً والد کی قربانیاں، محنت اور کردار ہماری آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ اور بہترین نمونہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم والدہ کے موقع پر تمام والدین کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں اور ان کی صحت، درازیٔ عمر اور کامیابی کے لیے دعا گو ہوں، اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے والدین کی قدر کرنے، ان کی خدمت کرنے اور ان کی دعائیں حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

رخ موڑ کر اسے پاکستان اور کشمیر کے درمیان تعلقات کو نقصان پہنچانے کے لیے استعمال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے سادہ لوح نوجوانوں کو جیلوں میں پہنچایا گیا جبکہ پس پردہ معاملات طے کیے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر کے نوجوان اپنے مستقبل کو ایسی سرگرمیوں کی نذر نہ کریں اور آگے پولیس ہوتی ہے اقتدار جاتا ہے پیچھے پولیس ہوتی ہے، وگو ڈالوں پر پابندی لگائی جائے، وگو ڈالوں پر سڑکوں پر بھی پابندی لگنی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ لاجز میں اراکین پارلیمنٹ رہتے ہیں کس کو کیا خطرہ ہے، وگو ڈالے میں جو بیٹھتا ہے اسے کچھ ہو جاتا ہے، پارلیمنٹ لاجز میں رہنے والے اراکین کو غیر ضروری سکیورٹی پروٹوکول کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس موقع پر اسپیکر ایاز صادق نے نشاندہی کی کہ پارلیمنٹ لاجز میں غلط پارکنگ کے باعث ماضی میں ایک رکن اسمبلی جان کی بازی ہار چکا ہے، ٹہلہ وزارت داخلہ کو اس معاملے پر سوشر مصلہ آرمی کی ہدایت دی جائے گی۔ بعد ازاں علی محمد خان نے تجویز پیش کی کہ پارلیمنٹ آنے والے مہمانوں کے لیے ایک باقاعدہ فیسلیٹیشن سینٹر قائم کیا جائے تاکہ انہیں بہتر رہنمائی اور سہولت فراہم کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

صحافت ترک کرنے، جلاوطنی اختیار کرنے یا قید و بند کا سامنا کرنے کے سوا مجدد راستے باقی رہ گئے ہیں، جبکہ اس وقت بھی کم از کم پانچ صحافی طالبان کی حراست میں ہیں۔ رپورٹرز ود آؤٹ بارڈرز کی جنوبی ایشیا ڈیسک کی سربراہ اسیلیا مرسیئر کے مطابق افغانستان کا میڈیا منظر بہت سخت پابندیوں اور حکام کے بڑھتے ہوئے کنٹرول کا شکار ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ موجودہ حالات میں افغان صحافیوں کو یچ اور حقائق بیان کرنے کی قیمت خاموشی، قید یا جلاوطنی کی صورت میں ادا کرنا پڑ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

ٹیکسٹر سٹال میں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فی لیٹر پیٹرول کی قیمت میں 19 روپے 32 پیسے کسٹم ڈیوٹی، 66 روپے 25 پیسے پیٹرولیم لیوی اور 2 روپے 50 پیسے کلائمیٹ سپورٹ لیوی شامل ہے۔ ذرائع پیٹرولیم ڈویژن کے مطابق ایک لیٹر ڈیزل قیمت میں بھی 29 فیصد ٹیکسز شامل ہیں اور فی لیٹر ڈیزل قیمت میں 91 روپے 15 پیسے ٹیکسز نافذ ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایک لیٹر ڈیزل قیمت میں 15 روپے 68 پیسے کسٹم ڈیوٹی، 72 روپے 97 پیسے کی لیوی اور 2 روپے 50 پیسے کلائمیٹ سپورٹ لیوی شامل ہے۔ حکومت نے 2 روز قبل پٹرول 74 روپے 28 پیسے اور ڈیزل 67 روپے 31 پیسے فی لیٹر کی کمی کی تھی۔ پیٹرول کی نئی قیمت 299 روپے 50 پیسے فی لیٹر اور ڈیزل کی نئی قیمت 311 روپے 47 پیسے فی لیٹر ہوگئی۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

آئیں گے۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ امریکا کے ساتھ جلد مذاکرات اور معاہدے کے ذریعے ایران نے اہم سفارتی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے نتائج جلد عوام کے سامنے آئیں گے اور یہ واضح ہو جائے گا کہ ایران نے اپنے قومی مفادات کا بھرپور دفاع کیا ہے۔ صدر پزشکیان نے بتایا کہ قطر میں موجود ایران کے 6 ارب ڈالر کے منجمد فنڈز معاہدے کے تحت واپس کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ رقم ایران کا حق ہے اور اس کی واپسی ایرانی معیشت کے لیے اہم پیش رفت ثابت ہوگی۔ انہوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ موقف کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ٹرمپ نے ماضی میں ایران پر کئی پابندیاں عائد کی تھیں اور بعض سرگرمیوں سے روکنے کی بات کی تھی، تاہم اب وہی حقوق ایرانی عوام کے جائز حقوق کے طور پر تسلیم کیے جا رہے ہیں۔ ایرانی صدر نے اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو پر بھی تنقید کی اور کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات سے سب سے زیادہ ناخوش شخصیت نیتن یاہو ہوں گے، کیونکہ وہ ایران اور امریکا کے درمیان سفارتی پیش رفت کے مخالف رہے ہیں۔ مسعود پزشکیان نے مزید کہا کہ امریکا کی بنیادی شرط صرف یہ ہے کہ ایران جوہری ہتھیار حاصل نہ کرے۔ انہوں نے زور دیا کہ ایران کا موقف ہمیشہ یہی رہا ہے کہ وہ ایٹم بم بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ انہوں نے سابق ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای کے فتویٰ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ایران کی مذہبی قیادت بارہا واضح کر چکی ہے کہ جوہری ہتھیاروں کی تیاری اور استعمال اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے۔ صدر پزشکیان کے مطابق امریکا نے ایران کے موقف کو تحریری شکل دینے کی درخواست کی، جس کے بعد دونوں فریقوں کے دستاویز پر دستخط کیے۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ اگر معاہدے پر مکمل عمل درآمد ہوتا ہے تو یہ ایران اور امریکا کے تعلقات میں ایک اہم موڑ ثابت ہو سکتا ہے، جبکہ خطے میں کشیدگی کم کرنے اور اقتصادی پابندیوں میں نرمی کی راہ بھی ہموار ہو سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

سکاٹ لینڈ کے مطابق جمعہ کی رات مختلف مقامات سے متعدد بنگامی کالز موصول ہوئیں جن میں تشدد، دھمکیوں، ڈکیتی اور لوٹ پھوٹ کے واقعات کی اطلاع دی گئی۔ ان واقعات میں پانچ افراد زخمی ہوئے جن کی عمریں 22 سے 39 سال کے درمیان بتائی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق زخمی ہونے والوں میں سے تین افراد کو اسپتال منتقل کرنا پڑا، تاہم کسی کی حالت تشویشناک نہیں ہے۔ حکام نے 36 سالہ ایک مشتبہ فام اکاش شہری کو گرفتار کر لیا ہے اور اس سے تفتیش جاری ہے۔ برطانوی میڈیا رپورٹس کے مطابق ابتدائی واقعات ایڈنبرا کے علاقے سائبل میں ایک مسجد کے قریب پیش آئے، جہاں دو افراد پر حملہ کیا گیا۔ بعد ازاں شہر کے دیگر علاقوں میں مزید تین واقعات کی اطلاع موصول ہوئی۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ویڈیو میں ایک شخص کو مبینہ طور پر چھتیار کے سے شہر کی سڑکوں پر گھومتے دیکھا گیا۔ بعض مسلم تنظیموں کا دعویٰ ہے کہ گرفتار شخص مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز نعرے لگا رہا تھا۔ اسکاٹش ایسوسی ایشن آف مساجد اور اسلامو فوبیا کے خلاف کام کرنے والی تنظیم "مینڈ" نے کہا ہے کہ متاثرین میں کئی مسلمان شامل ہیں۔ تنظیم نے مطالبہ کیا ہے کہ ان واقعات کو اسلاموفوبیا اور انتہا پسند دائیں بازو کے دہشت گردی کے تناظر میں دیکھا جائے۔ اسکاٹ لینڈ کے فرسٹ منسٹر جان سوئنی نے واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں تشدد، نسل پرستی اور مذہبی نفرت کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ پولیس کی اسسٹنٹ چیف کانسٹیبل کیرن پیٹن نے ان واقعات کو "انتہائی افسوسناک اور چونکا دینے والا" قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسکاٹ لینڈ میں نسل پرستی اور مذہبی بنیادوں پر نفرت کی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ تجزیہ کاروں کے مطابق یہ واقعات ایسے وقت میں پیش آئے ہیں جب برطانیہ میں امیگریشن، نسل تنوع اور مذہبی ہم آہنگی کے موضوعات پر سیاسی اور سماجی کشیدگی میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ حالیہ ہفتوں میں برطانیہ کے مختلف شہروں میں بھی ایسے واقعات رپورٹ ہوئے ہیں جنہوں نے سکیورٹی اداروں کو تشویش میں مبتلا کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

کستانی پرچم لہرائے جاتے ہیں، میں مطالبہ کرتا ہوں جن نوجوانوں نے ریاست مخالف تقاریر کی ہیں، جتنی مرتبہ تقریر کی، اتنی مرتبہ انہیں چھانٹی دی جائے۔ آزاد کشمیر کے سیاسی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ساری دنیا پاکستان کی معترف ہے، سیاسی و عسکری قیادت کے کردار کی تعریف ہو رہی ہے، ایک طرف یہ صورتحال ہے، آزاد کشمیر کی آبادی 40 لاکھ سے زائد ہے، مہاجرین کی آبادی 25 لاکھ بھی نہیں ہے، اگر سب کشمیری پاکستانی پرچم کو مقدس جانتے ہیں اور اس کو کفن بناتے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مذاکرات کے ذریعے الگ ملک بنا لیکن کشمیر اور سی پی ایل کر آزاد کروایا گیا، اب اگر کوئی کہتا ہے کہ فوج کے خلاف بغاوت کریں تو یہ قابل معافی جرم ہے، بغاوت ہے، میں مطالبہ کرتا ہوں جن نوجوانوں نے یہ تقاریر کی ہیں، جتنی مرتبہ تقریر کی، اتنی مرتبہ انہیں چھانٹی دی جائے، چوک اور چوراہے میں لٹکا کر عبرت کا نشان بنایا جائے، کوئی رعایت نہ کی جائے جو سارے کشمیر کی کاوشوں کو بدنام کر رہے ہیں، خراب کر رہے ہیں، شہداء کفن بھی ابھی سیلیں نہیں ہوئے۔ سردار تنویر نے کہا کہ جوں میں بھی شہداء کی قبروں پر پاکستانی پرچم لہرائے جاتے ہیں، کشمیریوں کی 99.99 آبادی نظریہ الحاق پاکستان پر یقین رکھتی ہے، کشمیر بنے گا پاکستان کے نعرے پر یقین رکھتی ہے، ہم اس پر کوئی سمجھوتہ کرنے کو تیار نہیں، اس پلے لگے میں معصوم اور بے خبر لوگ بھی ہیں، ان کو کہتا ہوں کہ ان کے جان مال اور ہماری عزت آبرو کی طرح عزیز ہے، ان کا خون تو گیا، پسینے کا ایک قطرہ بھی گرتا ہوا نہیں دیکھنا چاہتے، نہ انتظامیہ کی طرف سے، نہ اپنے ہاتھوں سے حکومت کے ہاتھوں، ان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ آگے آ کر لائن کریں، اور ریاست سے مطالبہ کرتے ہیں کہ سیٹ کی رٹ بحال کروائیں، پاکستانی سکیورٹی فورسز حکومت کی درخواست پر وہاں آئی ہیں، قانون حرکت میں آئے۔ اس موقع پر صدر مسلم لیگ ن شاہ غلام قادر نے کہا کہ حکومت پاکستان نے آزاد کشمیر کے عوام کو پاکستان کے مقابلے میں سستا آٹا اور بجلی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم ایکشن کمیٹی انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہی ہے، جس کی کسی صورت اجازت نہیں دی جا سکتی ہے۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

پر تشدد تبادلہ خیال کیا گیا۔ مزید دریافت کریں لائیو ٹی وی آن لائن اشتہار Politics ملاقات کے دوران چینی شراکت داروں کی طرف سے پاکستان کی مالیاتی منڈیوں میں اپنی طویل المدتی سرمایہ کاری مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا، جبکہ چین کی سنٹرل پاٹرز کمپنی اور پاکستان کی نیشنل کلیئرنگ کمپنی نے بھی اپنی شیئر ہولڈنگ میں اضافے کے لیے مزید سرمایہ کاری پر آمادگی ظاہر کی۔ فرنچین نے ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (REIT) ماڈل کے ذریعے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی بنیادی کاروباری سرگرمیوں کو مزید مستحکم بنانے اور دونوں ممالک کے سرمایہ کاروں کو ایک دوسرے کی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کے لیے سرحد پار سرمایہ کاری فنڈز کے اجرا پر بھی غور کیا۔ چینی وفد نے پاکستان کی معاشی ترقی، مالیاتی اصلاحات اور کیپٹل مارکیٹس کے روشن مستقبل پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک چین مالیاتی شراکت داری سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے اور دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

ٹرسٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (REIT) ماڈل کے ذریعے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی بنیادی کاروباری سرگرمیوں کو مزید مستحکم بنانے اور دونوں ممالک کے سرمایہ کاروں کو ایک دوسرے کی منڈیوں تک رسائی فراہم کرنے کے لیے سرحد پار سرمایہ کاری فنڈز کے اجرا پر بھی غور کیا۔ چینی وفد نے پاکستان کی معاشی ترقی، مالیاتی اصلاحات اور کیپٹل مارکیٹس کے روشن مستقبل پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاک چین مالیاتی شراکت داری سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے اور دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

کی فوری رہائی کیلئے مختلف آپشنز پر غور کیا، جبکہ بجٹ سیشن کے فوراً بعد اسلام آباد میں اعلیٰ سطح اجلاس بلانے کا فیصلہ کر لیا، جس میں محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کی شرکت متوقع ہے۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے موثر اور جامع لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔ بیرسٹر گوہر نے ارکان اسمبلی کو مبوبائی بجٹ اپنی اسمبلی اور صوبائی حکومت عمران خان کی امانت ہیں۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

کیا جا چکا ہے، جبکہ مئی کے اب تک کم از کم 20 مسلم مذہبی مقامات مساری کی کارروائیوں کا نشانہ بنے ہیں۔ مسلم مرر کے مطابق ہندوتوا لیبیوں کے تحت اب ہزار سال قدیم مسجد سے کے ردوسوسال پرانی درگاہ تک متعدد تاریخی مذہبی مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ترپورہ میں ایک مزار کو 600 سال پرانی ایک درگاہ کو عدالتی ریلیف نہ ملنے کے بعد منہدم کر دیا گیا۔ دوسری جانب پاکستان کے صدر آصف علی زرداری نے مسجد گنج شہیداں سے متعلق رپورٹس پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بھارت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اقلیتوں کے حقوق اور مشترکہ ثقافتی ورثے کے تحفظ کو یقینی بنائے۔ ادھر انسانی حقوق کی تنظیم جسٹس فار آل نے بھی بھارت میں تاریخی مسلم مذہبی مقامات کی مساری اور ان کو لاحق خطرات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر 19 ☆.....☆

یکہ۔ اور ایران کے درمیان گنجہ بندی معاہدے کے اعلان میں اس کا ہر کردار ادا کیا، جبکہ پاکستانی سیاسی و عسکری قیادت اس عمل میں کلیدی شخصیات کے طور پر سامنے آئیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایرانی قیادت کے ساتھ رابطوں، اسلام آباد میں سفارتی مشاورت اور پچیدہ مذاکراتی عمل کے ذریعے امن کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ بلومبرگ کا کہنا ہے کہ امریکہ اور ایران دونوں کے ساتھ پاکستان کے ممتاز تعلقات نے اسے ثالثی کے لیے موزوں ترین فریق بنایا۔ سابق برطانوی رکن پارلیمنٹ اسٹیفن پاؤنڈ نے اس پیش رفت کو عالمی سفارتکاری کی ایک اہم کامیابی قرار دیا، جبکہ امریکی محکمہ دفاع کے سابق اہلکار کرسٹوفر کلیری کے مطابق پاکستان خطے میں ایک موثر سفارتی اور عسکری قوت کے طور پر ابھر رہا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ علاقائی کشیدگی کم کرنے اور ممکنہ بڑے تصادم کو روکنے کے لیے پاکستان کی سول اور عسکری قیادت کی کوششوں نے عالمی سطح پر ملک کے وقار اور سفارتی اہمیت میں اضافہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 20 ☆.....☆

ان شرپسند مہران کے زیر استعمال ایپ ٹاپ، آئی پیڈ، یو ایس بیز اور اسلحہ سے متعلق مواد برآمد کر لیا گیا۔ لاء اینڈ ایکشن کمیٹی کے سرغنہ مہران کے گھر سے برآمد شدہ یو ایس ب

## پیپلز پارٹی نے جمہوریت کیلئے عظیم قربانیاں دیں کلرسیداں میں تقریب منعقد

### بینظیر بھٹو کی سالگرہ تقریب میں رہنماؤں نے خطاب کیا اور ملک کی ترقی کیلئے دعا کی گئی

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل کلرسیداں کے صدر محمد اعجاز بٹ نے کہا ہے کہ پاکستان میں جمہوریت کے لیئے قربانیاں سب سے زیادہ پاکستان پیپلز پارٹی نے دی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بینظیر بھٹو کی سالگرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر نصیر احمد بھٹی، نوید اختر مغل، فیاض کیانی، عاطف اعجاز بٹ، ماسٹر غالب حسین، قمر شہزاد بھٹی، کامران بٹ و دیگر بھی موجود تھے محمد اعجاز بٹ نے کہا کہ ہمارے ساتھیوں نے کوڑے کھائے ہماری قیادت کو عدالتی قتل کے ساتھ ساتھ شہید کیا گیا مگر ہم نے ملکی مفادات کے خلاف کبھی کام نہ کیا ہم ملک دشمنوں کے کبھی ایجنٹ نہیں رہے ہم نے ہر مشکل کے بعد پاکستان کھپے کا نعرہ لگایا اس موقع پر کیک بھی کاٹا گیا اور ملک کی ترقی سلامتی کے لیئے دعا کی گئی۔

## راولپنڈی پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد سنگین ملزمان گرفتار

### قتل بلیک میلنگ تشدد مقدمات میں اہم گرفتاریاں کی گئیں پولیس نے

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) تھانہ نصیر آباد پولیس کی کارروائی، دوہرے قتل واقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب 3 ملزمان گرفتار، زیر حراست افراد نے جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ کرکے شہری اور اسکے بیٹے کو قتل کر دیا تھا، زیر حراست افراد کی فائرنگ سے دو راہگیر خواتین بھی زخمی ہوگئیں تھیں، نصیر آباد پولیس نے ٹیکنیکل و پیوٹا ایلیجنس سمیت ذرائع پر ✖ کام لاتے ہوئے ✖ گرفتار کر لیا، تھانہ پیر ودھائی پولیس کی کارروائی، شادی شدہ خاتون کو ہراساں اور بلیک میل کرنے والا شخص گرفتار، خاتون کی دھمکیاں دینے والا شخص گرفتار، خاتون کو بلیک میل کر کے لی گئی رقم 30 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد، ملزم کے زیر استعمال موبائل فون بھی قبضہ پولیس میں لیا گیا ہے، رواٹ پولیس کی فوری کارروائی، ڈاقی رنجش پر گھر میں داخل ہوکر خاتون سے ناروا سلوک اور تشدد کرنے والے دو افراد گرفتار، زیر حراست افراد نے ساتھیوں کے ہمراہ میرے گھر میں داخل ہوکر میری ہمشیرہ سے ناروا سلوک کیا اور تشدد کیا، مدعی مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد کے دیگر ساتھی کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے، چونترہ پولیس کی کارروائی، 5 روز قبل معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کرکے اپنی ہمشیرہ کو قتل کرنے والا شخص گرفتار، زیر حراست شخص قتل کی واردات کے بعد روپوش ہوگیا تھا، چونترہ پولیس نے بیوہ مسز الیجیبس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کرلیا،

## میانوالی میں محرم الحرام کیلئے امن وبھائی چارے کی اہم میٹنگ

### علماء کرام نے شہداء کربلا کی یاد میں امن، برداشت اور اتحاد پر زور دیا دعا بھی کی گئی

خوشحالی اور سکھ امن کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔۔

میانوالی (احمد ہاشمی) دسویں محرم الحرام کے حوالے سے اہم میٹنگ، شہداء کربلا کی یاد میں روحانی محفلوں کا انعقاد تفصیلات کے مطابق محرم الحرام کے ایام میں امن وامان اور بھائی چارے کے حوالے سے اہل سنت والجماعت کے زیر اہتمام ایک میٹنگ جامع مسجد مائی بڈھی والی منعقد ہوئی جسکی صدارت صدر اہلسنت والجماعت مفتی فیض رسول الحسنی نے کی۔ اس میٹنگ میں شہر بھر کے علماء کرام نے بھرپور شرکت کی۔ اور اس بات کا عہد کیا کہ ان ایام میں کسی بھی قسم کی فرقہ واریت کی تقاریر سے گریز کیا جائے گا آپس میں ہم آہنگی، امن وامان کے درس دیا جائیگا دسویں محرم الحرام کو شہدائے کربلا کانفرنس میں علماء کرام کی شرکت پر مکمل انتظامات کئے جائیں گے اس موقع پر مفتی فیض رسول نے کہا کہ ہمیں حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قربانی سے سبق سیکھنا چاہیے انکے بتائے ہوئے دین پر عمل پیرا ہو کر زندگی گزارنا چاہیے دین کے راستے میں آنے والی دنیاوی مشکلات پر گھبرانا نہیں چاہیے صبر برداشت اور درگزر سے کام لینا چاہیے کسی سے ہماری دشمنی اور دوستی اللہ کی رضا کیلئے ہونا چاہیے آخر میں ملک وقوم کی ترقی و

## من اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے ایک خصوصی دعائیہ تقریب

### شرکاء نے یادِ مولا حسینؑ کے موقع پر ملک میں امن، محبت، رواداری اور بھائی چارے کے لیے خصوصی دعائیں کیں

قصور (چوہدری محمد احمد سے) 20 جون 2026 کی شام 5 محرم الحرام کی شب کو قدیمی امام بارگاہ خیمہ غازی عباس علمدارؑ، عقب دربار بابا بلھے شاہ، قصور میں بین المذاہب ہم آہنگی، امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے ایک خصوصی دعائیہ تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں سیکی برادری کے روحانی پیشوا رپورٹر فادر مقصود نذیر (او۔ایم۔آئی)، اپاچرائ کیتھولک چرچ لطیف پورہ قصور، کی خدمت گزار و متولی امام بارگاہ سید علی رضا شمسی اور حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ محمد حسین ذاکری خطیب جامع مسجد حضرت علی ۔ تصدیق حسین جعفری۔ ذوالفقار جعفری۔ باقر کمال اسدی۔ سید عمران علی کاظمی۔ ڈاکٹر شفیل تاجر تانگہ سٹاف قصور، ممبران ڈسٹرکٹ امن کمیٹی کے اراکین۔ حاجی شبیر احمد مغل۔ شیخ سجاد احمد ایڈووکیٹ۔ انسپکٹر ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اے ڈویژن سید ثقلین بخاری سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے یادِ مولا حسینؑ کے موقع پر ملک میں امن، محبت، رواداری اور بھائی چارے کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ مقررین نے اپنے خطابات میں مذہبی ہم آہنگی، امن و شانتی اور باہمی احترام کے فروغ پر زور دیا۔ یہ پروگرام طاہر طفیل، کوآرڈینیٹر قصور انسانی حقوق و اقلیتی امور پنجاب، کی کاوش سے منعقد ہوا جبکہ مقامی صحافی 47 نیوز چینل کے رپورٹر چوہدری محمد احمد جٹ اور ان کی میڈیا ٹیم نے پروگرام کو کوریج کیا۔

## یونین کونسل 260 مراکہ علی حسین آباد اور یوسی 261 موہلنوال میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگ گئے

### کوڑا کرکٹ کی وجہ سے مکھیوں اور مچھروں کی بھرمار ایل۔ڈبلیو ایم سی کا عملہ حاضریاں لگا کر غائب ہونے لگا

لیئے کے مطالبہ کیا ہے

چوہنگ (ڈاکٹر ندیم آصف چوہدری) یونین کونسل 260 مراکہ علی حسین آباد اور یونین کونسل 261 موہلنوال اور اس کے گردونواح میں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر لگ گئے جس کی وجہ سے مکھیوں اور مچھروں کی بھرمار ہے شہری شدید اذیت موذی امراض کا شکار ہونے لگے شہریوں کا کہنا ہے کہ ایل ڈبلیو ایم سی کے منیجر ایرار بٹ کو متعدد بار شکایت کی ہے مگر اوزکی عمل نہیں ہوا۔ اس کے علاوہ شہری لیاقت علی، ریاض۔عابد، عمران اور دیگر شہریوں نے بتایا ہے کہ منیجر ایرار بٹ چوبنگ آفس بیٹھا رہتا ہے اور کبھی بھی اس نے علاقے کا دورہ نہیں کرتا۔ صفائی والا عملہ نذرانہ لیے بغیر کام نہیں کرتا اور حاضریاں لگا کر غائب ہو جاتے ہیں شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن ستھرا پنجاب کی دھجیاں اڑانے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈی جی ستھرا پنجاب اور دیگر اعلیٰ افسران سے عملے اور منیجر ایرار بٹ کو فل فور تبدیل کرنے اور ان کے خلاف سخت سے سخت نوٹس لیا جائے۔

## قصبہ تلونڈی بھنڈراں تہذیبی روایات، باہمی محبت اور سماجی ہم آہنگی کے باعث ایک منفرد شناخت رکھتا ہے

### تلونڈی بھنڈراں کی معروف سماجی شخصیت شیخ امداد علی نے دوستی، اخوت اور باہمی تعلقات کی ایک خوبصورت روایت کو فروغ دیا

لاہور (خصوصی رپورٹ) ضلع نارووال کا معروف قصبہ تلونڈی بھنڈراں اپنی تہذیبی روایات، باہمی محبت اور سماجی ہم آہنگی کے باعث ایک منفرد شناخت رکھتا ہے۔ اس دھرتی کے باسی نہ صرف پاکستان کے مختلف شہروں بلکہ بیرونِ ملک بھی اپنی صلاحیتوں اور خدمات کے ذریعے اپنے علاقے اور وطن کا نام روشن کر رہے ہیں۔ تلونڈی بھنڈراں کی شیخ کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی معروف سماجی شخصیت شیخ امداد علی نے اپنے بچپن کے دوستوں اور ہم عصروں کو ایک پلیٹ فارم "ری یونین آف چائلڈ ہڈ فرینڈز" کے تحت یکجا کر کے دوستی، اخوت اور باہمی تعلقات کی ایک خوبصورت روایت کو فروغ دیا ہے۔ اس پلیٹ فارم کے زیر اہتمام متعدد ملاقاتیں اور یادگار اجتماعات منعقد ہو چکے ہیں جنہوں نے پرانی یادوں کو تازہ کرنے کے ساتھ ساتھ سماجی خدمت کے جذبے کو بھی مہمیز دی ہے۔ شیخ امداد علی دور دل رکھنے والی شخصیت کے طور پر جانے جاتے ہیں اور خاموشی کے ساتھ دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف عمل رہتے ہیں۔ انہی جذبۂ خدمت کے تحت "ربط انسانیت آرگنائزیشن" کے نام سے ایک فلاحی سفر کا باقاعدہ آغاز خواجہ احمد صدیقی کی رہائشگاہ پر منعقدہ تقریب میں کیا گیا تھا، جس کی تو ثیق گزشتہ شب محمد خلیل لطیف اور شیخ امداد علی کی جانب سے دیے گئے پرتکلف مشترکہ عشائیے میں کی گئی۔ تقریب میں شرکاء نے انسان دوستی، باہمی تعاون اور معاشرتی خدمت کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ بعدازاں شرکاء نے انڈور کرکٹ سے بھی لطف اندوز ہو کر دوستانہ ماحول کو مزید خوشگوار بنایا۔ اس موقع پر محمد خلیل لطیف کی جانب سے ربط انسانیت آرگنائزیشن کے لیے مالی اعانت کا اعلان کیا گیا جسے شرکاء نے بھرپور انداز میں سراہا اور ان کے جذبہ خیر کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ تقریب میں محمد زاہد صدیقی (تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم لاہور)، ڈاکٹر محمد جمیل (شیخوپورہ نزد تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم گوجرانوالہ)، انسپکٹر غلام مصطفیٰ (شیخوپورہ نزد تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم لاہور)، انسپکٹر غلام عباس اعوان (باغ نزد تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم لاہور)، علامہ عبدالخالق عطاری (تلونڈی بھنڈراں)، شاہین رحمانی (تلونڈی بھنڈراں)، محمد خلیل لطیف (تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم کویت)، عدنان بھنڈر (تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم لاہور)، آصف اقبال (تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم لاہور)، حافظ سجاد (تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم لاہور)، انسپکٹر ملک نعیم شیراز (سیالکوٹ، حال مقیم لاہور) اور شیخ امداد علی (تلونڈی بھنڈراں، حال مقیم لاہور) نے شرکت کی۔ شرکاء نے اس امید کا اظہار کیا کہ "ربط انسانیت آرگنائزیشن" مستقبل میں فلاحِ عامہ اور خدمتِ خلق کے میدان میں ایک مؤثر اور فعال کردار ادا کرتے ہوئے انسان دوستی کے اس سفر کو مزید وسعت دے گی۔

## جامع مسجد حنفیہ قاسمیہ میں 77واں سالانہ دوروزہ عظیم الشان جلسہ

### حضرت عمر فاروقؓ اور امام حسینؓ کی عظیم قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا

نارووال (محمد ندیم خالق) مرکزی جامع مسجد حنفیہ قاسمیہ نارووال میں 77واں سالانہ دوروزہ عظیم الشان جلسہ "شہادتِ امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور شہادت اوسرِ رسول حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ" نہایت عقیدت، احترام اور دینی جوش و جذبے کے ساتھ منعقد ہوا۔ جلسہ کی صدارت قاری محمد زکریا محسن نے کی جبکہ سرپرستی حضرت علامہ مولانا صالح عثمانی اور مفتی محمد نعمان نے کی۔ جلسہ میں علماء کرام، حفاظ، قراء اور عاشقانِ رسول ﷺ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تلاوتِ کلامِ پاک کی سعادت قاری عبدالرؤف محسن نے حاصل کی جبکہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں نعتِ رسولِ مقبول ﷺ پیش کرنے کی سعادت قاری پرویز عبدالقدوس محسن کو حاصل ہوئی۔ خصوصی خطاب کرتے ہوئے ممتاز عالمِ دین حضرت علامہ مفتی عبدالواحد قریشی نے "شہادتِ امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ" کے موضوع پر مدلل اور ایمان افروز خطاب کیا۔ انہوں نے حضرت عمر فاروقؓ کی سیرتِ طیبہ، عدل و انصاف، زہد و تقویٰ، جرأت و استقامت اور عشقِ رسول ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آپؓ کا دورِ خلافت اسلامی تاریخ کا سنہرا باب اور رہتی دنیا تک حکمرانوں کے لیے عدل و انصاف کا روشن مینار ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت عمر فاروقؓ کی زندگی حق گوئی، دیانت داری اور خدمتِ اسلام کا عظیم نمونہ ہے جس سے آج بھی امتِ مسلمہ رہنمائی حاصل کر سکتی ہے۔ انہوں نے نوجوانانِ امت کو زور دیا کہ وہ صحابہ کرامؓ اور اکابرینِ امت کی سیرت مبارکہ کو اپنا سرمایہ بنائیں اور دینِ اسلام کی حقیقی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر معاشرے کی اصلاح میں بھرپور کردار ادا کریں۔

## گوجرخان میں فری آئی کیمپ 23 جون کو لگایا جائے گا

### اشفاء آئی ٹرسٹ کے تعاون سے معائنہ عینک ادویات اور آپریشن مفت فراہم ہوں گے مریضوں کیلئے سہولت ہوگی

گوجر خان (پی پی اے) تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے رہنما معروف ماہر تعلیم سماجی وسیاسی شخصیت غضنفر علی مرزا کے توسط سے اشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال پکھوال کے تعاون سے فری آئی کیمپ ڈھوک مغلاں یونین کونسل گلیانہ میں 23 جون بروز منگل لگایا جائے گا کیمپ کا دورانیہ صبح نو بجے سے دو بجے تک ہوگا فری معائنہ فری نظر کی عینک فری ادویات اور فری آپریشن کی سہولت فراہم کی جائے گی اشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال کے ماہر ڈاکٹر لیڈی ڈاکٹرز چیک اپ اور آپریشن کریں گے

## فیفا ورلڈ کپ میں گولز کی بارش سے نیا تاریخی ریکارڈ قائم

### 33 میچز میں 100 گول مکمل ہوئے، ایونٹ سب سے تیز اور سنسنی خیز قرار

فیفا ورلڈ کپ 2026 میں گولز کی بارش
68 سالہ پرانا ریکارڈ ٹوٹ گیا

برلن (پی پی اے) فیفا ورلڈ کپ میں گولز کی بارش فیفا ورلڈ کپ کے 33 ویں میچ میں 100 گولز کا سنگ میل عبور کرلیا گیا جو گزشتہ 68 برس میں سب سے تیز رفتار ریکارڈ قرار دیا جارہا ہے شاندار مقابلوں اور گولز کی بھرمار نے فٹبال شائقین کی توجہ حاصل کرلی ہے صرف 33 میچز میں 100 گول مکمل ہونے کے بعد ریڈیشن تاریخ کے سب سے سنسنی خیز ورلڈ کپ میں شمار ہونے لگا ہے ماہرین کے مطابق ٹیموں کے جارحانہ انداز، مکمل تیز رفتار حکمتِ عملی اور مسلسل حملوں کے باعث گول اسکورنگ میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے اگر یہی سلسلہ برقرار رہا تو یہ ورلڈ کپ کئی بڑے تاریخی ریکارڈز توڑ سکتا ہے

## پاکستان ہاکی ٹیم کو اسپین کے ہاتھوں مسلسل شکست

### پرویلیج میں پاکستان کی مسلسل ناکامیوں کا سلسلہ جاری رہا ہے

بیجنگ (پی پی اے) پرو ہاکی لیگ پاکستان کو اسپین کے ہاتھوں شکست ناکامیوں کا سلسلہ برقرار ایف آئی ایچ ہاکی پرو لیگ میں پاکستان ہاکی ٹیم کی مشکلات کم نہ ہوسکیں قومی ٹیم کو اسپین کے ہاتھوں 4-2 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد ایونٹ میں پاکستان کی مسلسل 12 ویں شکست ہوگئی ٹیم میں کھیلے گئے میچ میں اسپین نے اپنے اہم کھلاڑیوں کو آرام دیا اور نوجوان کھلاڑیوں کو میدان میں اتارا تاہم پاکستان اس موقع سے فائدہ نہ اٹھا سکا میچ کے پہلے کوارٹر میں مقابلہ بغیر کسی گول کے برابر رہا 28 ویں منٹ میں ابوبکر محمود نے گول کر کے پاکستان کو برتری دلائی تاہم اگلے ہی منٹ اسپین نے پینیٹیلی نے گول کر کے مقابلہ برابر کردیا ہاف ٹائم تک اسکور 1-1 رہا تیسرے کوارٹر میں اسپین نے دو گول کر کے برتری 3-1 کردی لیکن ابوبکر محمود نے ایک اور گول کر کے پاکستان کی امیدیں برقرار رکھیں آخری کوارٹر میں اسپین نے مزید ایک گول کر کے میچ 4-2 سے اپنے نام کرلیا پرو لیگ کے آخری مرحلے کے لیے پاکستان ٹیم اب انگلینڈ روانہ ہوگی جہاں 23 جون کو اس کا مقابلہ بھارت سے ہوگا

## ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کو بنگلہ دیش کے ہاتھوں شکست

### بنگلہ دیش نے 23 رنز سے جیت کر پاکستان کی مسلسل تیسری ناکامی درج کی

لندن (پی پی اے) ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بنگلہ دیش نے پاکستان کو 23 رنز سے شکست دے دی یہ ٹورنامنٹ میں پاکستان کی مسلسل تیسری ناکامی ہے بنگلہ دیش نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 6 وکٹوں کے نقصان پر 123 رنز بنائے کپتان نگار سلطانہ نے 36 جبکہ شورنا اختر نے ناقابل شکست 39 رنز اسکور کیے 124 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستانی ٹیم 8 وکٹوں کے نقصان پر 100 رنز ہی بنا سکی۔ منیبہ علی 25 اور گل فیروزہ 23 رنز کے ساتھ نمایاں رہیں جبکہ بنگلہ دیش کی گلھلا اور ناہیدہ اختر نے 3،3 وکٹیں حاصل کر کے ٹیم کی فتح میں کلیدی کردار ادا کیا

## راولپنڈی تیز رفتار ٹویوٹا ٹکر سے نوجوان جاں بحق

### نماز مغرب کے بعد گھر جاتے نوجوان کو تیز رفتار ٹویوٹا نے ٹکر ماری

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) بھلیہ روڈ پر مسافر ویگن ڈرائیور اے ایس ای نگر سے جاں بحق ہونے والے سترہ سالہ حافظ قرآن طہ اعجاز اللہ عاصر اعجاز جاں بحق ہوگئے وہ مسجد میں نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد گھر جا رہے تھے کہ بھلیہ روڈ پر انہیں تیز رفتار مسافر ویگن ڈرائیور اے ایس ای نگر نے ٹکر ماری جس سے وہ شدید زخمی ہوگئے انہیں ہسپتال لے جایا گیا جہاں وہ دم توڑ گئے نماز جنازہ کمیٹی صادق میں ادا کی گئی جس میں سابق تحصیل ناظم حافظ سہیل اشرف ملک، سابق ارکان بلدیہ حاجی اخلاق حسین، راجہ ظفر محمود، عابد زاہد ہی، جنید بھٹی، حاجی محمد اسحاق، سجاد بٹ، ملک زبیر احمد کے علاوہ مسعود احمد بھٹی، چوہدری توقیر اسلم، شیخ حسن سرائیگی، راجہ اعجاز مصطفیٰ، طاہر محمود بھٹی، عامر محمود بھٹی ایڈووکیٹ، شاھد جمیل عباسی، چوہدری ابرار حسین بھٹیر گجر و دیگر نے شرکت کی۔

## پاکستان زندہ باد بیسک آرگنائیزیشن کا اجلاس

### 28 جون کو ہونے والے اجلاس میں اہم فیصلے کیئے جائینگے

کراچی (ظہیر احمد میمن) پاکستان زندہ باد بیسک آرگنائیزیشن کراچی ڈویژن کا ھنگامی اجلاس 28 جون کو شام 4 بجے طلب کرلیا گیا اس حوالے سے تنظیم کے صوبائی جنرل سیکریٹری ظہیر میمن نے کراچی ڈویژن کے صدر ملک ساجد علی جنرل سیکریٹری سید عجب اللہ شاہ رابطہ سیکریٹری رضوان جوکیو اور حق نواز جوکیو کی مشترکہ بریفنگ فرند مارکیٹنگ اسٹیٹ مھران ڈپو ملیر حالٹ پر منعقد ھونے اجلاس میں بتایا کہ 28 جون کو ھونے والے اجلاس میں کراچی ڈویژن کی تنظیم سازی کے علاوہ 14 اگست کو جشن آزادی کے حوالے سے اہم فیصلے ✖ جائینگے پاکستان زندہ باد بیسک آرگنائیزیشن کراچی ڈویژن کے اراکین کو اپنی شرکت یقینی بنانے کی کہا گیا ھے

## کلرسیداں بار ایسوسی ایشن لاہور ہائیکورٹ کے انتخابات، رانا عمیر اسلم صدر منتخب

کلرسیداں بار ایسوسی ایشن لاہور ہائیکورٹ کے سالانہ انتخابات بروز ہفتہ کو منعقد ہوئے تفصیلات (نواب یاور حسین اسدی) الیکشن پولنگ صبح 09 بجے تا شام 05 بجے تک جاری رہی۔ رانا عمیر اسلم 956 ووٹ لے کر بھاری اکثریت سے بطور صدر کامیاب ہو گئے جبکہ ان کے مدمقابل سلیم صابر 337 ووٹ لے کر ہار گئے۔ علاقہ کی سیاسی و سماجی شخصیات کے نمائندوں بانی وصدر چھانگا مانگا پریس کلب رانا منصور احمد سینئر صحافی رانا حسنین حیدر۔ رانا ریحان منصور۔ رانا ذوالقرنین۔ رانا باسط۔ رانا فہد اسلم۔ رانا وقار ریاض۔ رانا فضلدین زین۔ رانا ریاض احمد۔ رانا عمر سرور۔ رانا فاروق ظہور ۔۔ رانا عمر ظہور۔ رانا سلمان سرور۔ رانا عثمان سرور۔ رانا نفیب ٹھاکر۔ رانا علی عمران ۔ رانا بدر۔ رانا ارسلان نواز اور رانا مبشر نور نے رانا عمیر اسلم کو بھاری اکثریت سے صدر بننے پر مبارکباد دی اور ان کا والہانہ استقبال کیا۔ رانا عمیر اسلم نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ✖ کہا کہ میں اپنے تمام دوستوں کا بے حد مشکور ہوں جنہوں نے اپنے قیمتی ووٹ دے کر مجھے کامیاب کروایا اخر انہوں نے الیکشن پورڈ کے ممبران کو شناف الیکشن کروانے پر مبارک باد دی اور یک خواہشات کا اظہار کیا

## منشیات فروش طاہر محمود منشیات سمیت گرفتار

### ملزم سے 2 کلو 500 گرام سے زائد چرس برامد

سندر لاہور (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق دوران پرولنگ مشہور بدنام زمانہ منشیات فروش طاہر محمود منشیات سمیت گرفتار، ملزم سے 2 کلو 500 گرام سے زائ✖ چرس برامد، ایس پی سدر شاد رخ خان ملزم کا بزریعہ ٹرانک ✖ ن منشیات منگوا کر پوش علاقوں، تعلیمی اداروں یونیورسٹیوں کے اطراف میں نوجوان نسل کو منشیات بیچنے کا اعتراف، ایس پی صدر ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے، ایس پی صدر ایس پی صدر کی سب انسپکٹر طاہر اور پولیس ٹیم کو شاباش، نوجوان نسل کی بربادی اور طلباء کے مستقبل کو تباہ کرنے والے منشیات فروشوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا، ایس پی صدر شاہ رخ خان

## جدہ میں معروف پاکستانی تاجر حاجی ریاض وفات پاگئے

### کئی دہائیوں سے مقیم شخصیت کاروبار اور خدمت خلق میں نمایاں خدمات انجام دیں وفات پر کمیونٹی میں غم

جدہ (محمد اکرم اسد) معروف پاکستانی کاروباری شخصیت حاجی محمد ریاض آف بوریوالہ جو کوئی پانچ دھائیوں سے یہاں مقیم تھے بفتی کے دوپہر دل کا ساتھ چھوڑ جانے کی وجہ سے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے وہ کافی عرصہ سے گردوں اور ذیابطیس کی وجہ سے صاحب فراش تھے مگر پھر بھی متحرک رہتے نہ صرف یہاں اپنے کاروباری معاملات پر نظر رکھتے بلکہ پاکستان میں بھی اپنے خاندان، دوستوں اور خیر خواہوں سے رابطے میں رہتے، ان پانچ دھائیوں میں وہ پاکستان سے اور لوکل گوشت منگوا کر سپلائی کرتے رہے اسکے علاوہ انہوں نے پاکستانی پکوان کے ریسٹورنٹس چلا کر بھی نام پیدا کیا جس میں مدینہ ہوٹل شہباز تکہ اور دوسرے نام شامل ہیں جن سے وہ نہ صرف پاکستانی کھانوں کا ذائقہ بلکہ ثقافت کو بھی روشناس کراتے رہے پاکستانیت ان میں کوٹ کوٹ کر بھری تھی بلکہ جذب تھی اور ہر وقت پاکستان کے لئے دعا گو رہتے حاجی محمد ریاض ملکی اور سعودی قومی دنوں کو نہ صرف بھرپور طریقے سے مناتے اور ان مواقع پر خصوصی پکوان تیار کروا کر فری کھلواتے جدہ شہر میں اٹھا ایک ویسٹج بلکا موجود ہے اسکے علاوہ وہ خدمت خلق کا بھی جزبہ رکھتے تھے اور گاہے بگاہے لوگوں کی خدمت میں مصروف رہتے انکی تدفین قانونی کاغذات کی تکمیل کے بعد جدہ کے مقامی قبرستان میں ہی ہوگی پاکستانی کمیونٹی و کاروباری شخصیات نے انکی وفات پر گہرے رنج اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے انکی مغفرت اور انکے اہل خانہ کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے

## وفاقی حکومت نے کفایت شعاری اقدامات واپس لے لیے

### دفاتر تعطیلات ایندھن کٹوتی اور پابندیاں ختم معمولات مکمل بحال کردی گئی

اسلام آباد (پی پی اے) وفاقی حکومت نے فیول سیونگ اور کفایت شعاری کے تحت نافذ کیے گئے متعدد اقدامات واپس لیتے ہوئے سرکاری اداروں میں معمول کے انتظامی امور مکمل طور پر بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے کابینہ ڈویژن کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق تمام سرکاری محکموں کے اخراجات میں 20 فیصد کی ساہقہ فیصلہ منسوخ کردیا گیا ہے جبکہ وفاقی وصوبائی وزراء مشیروں معاونین خصوصی اور گورنرز کے بیرونِ ملک سرکاری دوروں پر عائد پابندی بھی ختم کردی گئی ہے سرکاری اور نجی اداروں میں صرف 50 فیصد عملے کے ساتھ کام کرنے کی شرط بھی ختم کردی گئی مختلف محکموں کی 60 فیصد گاڑیوں کی بندش کا فیصلہ بھی واپس لے لیا ہے۔ اس کے علاوہ گریڈ 20 اور اس سے زائد کے افسران کی تنخواہوں سے دو روز کی کٹوتی کی شرط بھی ختم کر دی گئی ہے نوٹیفکیشن کے مطابق تمام سرکاری محکموں کے اخراجات میں 20 فیصد کی ساہقہ فیصلہ منسوخ کر دیا گیا ہے جبکہ وفاقی وصوبائی وزراء مشیروں معاونین خصوصی اور گورنرز کے بیرونِ ملک سرکاری دوروں پر عائد پابندی بھی ختم کر دی گئی ہے جس کے بعد ادارے مکمل افرادی قوت کے ساتھ معمول کے مطابق کام کر سکیں گے حکومت کا موقف ہے کہ یہ فیصلے موجودہ اقتصادی ضروریات معاشی سرگرمیوں اور معمولاتِ زندگی کی مکمل بحالی کے پیشِ نظر کیے گئے ہیں

## اسلام آباد میں فری میڈیکل کیمپ، 230 مریضوں کا مفت معائنہ

### بہتزار روڈ پر فری کیمپ میں مریضوں کو ادویات اور علاج مفت فراہم کیا گیا

اسلام آباد (پی پی اے) بہتزار روڈ پر فری میڈیکل کیمپ 230 مریضوں کا مفت معائنہ اور ادویات فراہم تھیر اسٹاپ بہتزار روڈ مہگائی کے موجودہ دور میں جہاں ایک عام آدمی کے لیے اپنے خاندان کی کفالت مشکل ہوتی جا رہی ہے وہیں معیاری علاج معالجہ کی سہولت بھی ایک بڑا چیلنج بن چکی ہے بڑھتی ہوئی ڈاکٹر فیسوں اور مہنگی ادویات کے باعث کئی افراد مناسب طبی سہولیات سے محروم ہیں اسی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کوہسار یونائیٹڈ ویلفیئر ٹرسٹ رجسٹرڈ اور القادر جنرل ہسپتال کے باہمی تعاون سے ماہ جون کا دوسرا فری میڈیکل کیمپ 20 جون بروز ہفتہ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک القارابی اسلامک سکولز اینڈ میڈیکل کالجز میں منعقد کیا گیا میڈیکل کیمپ میں مختلف امراض کے ماہر اسپیشلسٹ ڈاکٹرز نے 230 مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا جبکہ مریضوں کو مختلف بیماریوں کے لیے مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں اس موقع پر چیئرمین کوہسار یونائیٹڈ ویلفیئر ٹرسٹ رجسٹرڈ نوید قادر شتی نے کہا کہ ٹرسٹ اپنے وعدے کے مطابق عام شہریوں کو اپنی استطاعت کے مطابق علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ معاشرے کے مستحق افراد کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے اور انسانیت کی خدمت ہی درحقیقت عبادت ہے ان کا کہنا تھا کہ عوامی خدمت کا یہ سلسلہ مستقبل میں بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ ضرورت مند افراد مستفید ہوسکیں

## اسلام آباد میں محرم سیکورٹی انتظامات کا جائزہ، آئی جی کا دورہ

### 177 جلوس اور 929 مجالس کیلئے 15 ہزار سے زائد اہلکار تعینات کر دیے گئے

اسلام آباد (پی پی اے) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا امام بارگاہ اثناء عشری کا دورہ سیکورٹی انتظامات مرکزی جلوس کے روٹ کا جائ